© rasailojaraid.com



مولانا عبدالقیوم حقانی

# تعارف و تبصرہ کتب

**نقشِ دوام** | تالیف، جناب انظر شاہ مسعودی ۔ صفحات ۴۶۶ ۔ قیمت ۹۰ روپے

ناشر، فیمس بکس، الوہاب مارکیٹ، اردو بازار ۔ لاہور

امام العصر مولانا محمد انورشاہ کشمیری ان عبقری شخصیتوں میں سے تھے جن کا فیض عالمگیر اور محبوبیت عام قلوب کی
ت ہوتی ہے جو صدیوں میں پیدا ہوتی ہیں اور صدیوں کو علم و فضل سے رنگین کر جاتی ہے ۔ اکابر علماء اور تلامذہ انہیں
پھرتا کتب خانہ کہا کرتے تھے ۔ علم میں اپنی مثال آپ تھے ۔ علمی حیثیت سے بھی ہمہ جہت نور میں ڈھلے ہوئے تھے ۔
ے چہرۂ انور کو دیکھ کر غیر مسلم بھی یہ کہنے پر مجبور ہوئے کہ "اگر اسلام مجسم صورت میں آتا تو وہ علامہ انورشاہ کشمیری
ورت میں ہوتا ۔ محدث العصر علامہ بنوری کی عربی میں مولانا مرحوم پر عظیم سوانح " نفحۃ العنبر " اور متعدد اردو
یحات کے ہوتے ہوئے بھی ایک مکمل مفصل جامع و حاوی اور قابلِ وثوق تذکرہ و سوانح کا قرض تاہنوز مرحوم
توسلین کے ذمہ تھا ۔ خدا جزائے خیر دے مولانا انظر شاہ مسعودی کو جنہوں نے " صاحب البیت ادری بما فیہ "
پیشِ نظر یہ فرض بطریق احسن نبھایا ۔ اور اس میں کامیاب بھی ہوئے اور نقشِ دوام ایسی لکھی کہ جہاں سے
ع کیا جائے دل گواہی دیتا ہے کہ " جا ایں جا است " پھر اندازِ تحریر بھی ایسا کہ سمندر دل کو کوزہ میں بند کر دیا
ہے ۔ کتاب کے مطالعہ سے صاحبِ سوانح کی عظمت و تاریخ سے آگاہی کے ساتھ ساتھ دارالعلوم دیوبند اور بہت
عظیم علمی ہستیوں کا تعارف بھی حاصل ہو جاتا ہے ۔

پیشِ نظر کتاب کسی ایک بھی علمی حصہ کی تاریخ نہیں بلکہ علوم و کمالات کے بہت سے گوشوں کی تاریخ ہے
قارئین اس کی بھرپور قدر کریں گے ۔ (ع ق ح)

**تدقیق الکلام ۔ جلد اول** | تالیف شیخ الحدیث مولانا عبدالقدیر صاحب ۔ صفحات ۲۴۴ ۔ قیمت ۶۰ روپے

ناشر ۔ کتب خانہ رشیدیہ، مدینہ مارکیٹ ۔ راجہ بازار ۔ راولپنڈی

متنوع اور متعدد فروعی اور اختلافی مسائل میں سے ایک مسئلہ قرأت خلف الامام یا ترک القرأت خلف الامام
ی ہے ۔ جو عہدِ نبوت سے تاہنوز اختلافی چلا آ رہا ہے ۔ مگر بعض نادان دوستوں نے اس میں نہایت غلو اور تعصب



© rasailojaraid.com
© rasailojaraid.com